RAMPUR STATE GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور — جلد ۳۹

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ ربیع الثانی ۱۳۴۶ھ مطابق ۱۷ اکتوبر ۱۹۲۷ء

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم ۔ واقع ۱۲ اکتوبر ۱۹۲۷ء

اجلاس ہذا میں جسقدر کاغذات آتے ہیں وہ ہمروزہ بعد صدور حکم صیغہ جات متعلقہ کو روانہ ہو جاتے ہیں۔ کوئی کاغذ دوسرے روز کے لئے باقی نہیں رہتا ہے۔ ۱۰ اکتوبر سے وقت دفاتر تبدیل ہو جانیکی وجہ سے کاغذات ایسے آخر وقت آنے لگے کہ جنکا طے ہونا ہمروزہ دشوار ہے۔ اگر طے بھی ہو جائیں تو وقت کچہریات ختم ہونے کے باعث روانہ نہیں ہو سکتے اس لئے یہ انتظام کیا جاتا ہے کہ صیغہ جات ماتحت سے دو بجے تک کا کاغذات اجلاس ہذا میں بھیج جانا اسکے بعد نہ بھیجے جاویں۔ البتہ ضروری کاغذات کے کسیوقت کا تعین نہیں ہے وہ ہر وقت بھیجا جا سکتا ہے صیغہ جات ماتحت میں جو کاغذات بعد دو بجے کے تیار ہوں وہ دوسرے روز اول وقت بھیجے جایا کریں۔

حکم ہوا کہ

بسررشتہ صدر سے جملہ صیغہ جات ماتحت میں حکم ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم ۔ واقع ۱۲ اکتوبر ۱۹۲۷ء

صاحب کنٹرولر ہاؤس ہولڈ صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس اور ہر دو ایڈی سی صاحبان کے متعلق خدمات مندرجہ ذیل تجویز ہیں۔

(۱) صاحب کنٹرولر پرنسز ہاؤس ہولڈ۔

(الف) پرنسز جیب کے حسابات کا تمام و کمال ریکارڈ

(ب) وارڈروب پرنسز پیلیس کے نظام کی نگرانی۔

(ج) ہاؤس ڈیوٹی و ہمراہی صاحبزادگان بہادر۔

(د) امتحان جملہ سامان اکل و شرب و شہر اندازی۔

(۲) صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس۔

(الف) دفتر اجلاس و اہلکاران دفتر کے نظام کا کنٹرول۔

(ب) جملہ جیب ہائے محکمہ جات متعلقہ اجلاس کی نگرانی۔

فہرست مضامین

(ج) احکامات اجلاس و نگرانی تعمیل
(د) موٹر گراج پرنسز پیلس کا کنٹرول
(ہ) لائبریری پرنسز پیلس کا کنٹرول۔
(و) انسپکشن و تحقیقات وغیرہ محکمہ جات حسب ضرورت۔
(۳) میجر نور محمد خان صاحب۔
(الف) اصطبل پرنسز پیلس کا کنٹرول
(ب) جملہ فرائض اے ڈی سی۔
(ج) فرائض متعلقہ زمرہ ہائے ازواج۔
(د) کبوتر خانہ جات پرنسز پیلس کا کنٹرول۔
(۴) کپتان مولوی عبد المجید صاحب اے ڈی سی۔
(الف) جملہ نظام و مصارف وغیرہ باورچیخانہ پرنسز پیلس۔
(ب) نظام پیلس و چمن ہائے متعلقہ۔
(ج) جملہ فرائض اے ڈی سی)
(د) نظام ملازمین وغیرہ پرنسز ہاؤس ہولڈ۔
(ہ) نظام سامان اسپورٹس و لان

لہذا حکم ہوا

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۲؍ اکتوبر ۱۹۲۷ء

ویہیل ٹیکس کے متعلق جو قبل ازیں روبکار اجلاس ہذا جاری ہوا ہے اُس میں ویہیل ٹیکس کا شروع سال جنوری سے کیا گیا ہے۔ چونکہ ریاست میں سال حسابی اکتوبر سے شروع ہوتا ہے اسلئے ویہیل ٹیکس کے حساب کا سال بھی اکتوبر سے شروع ہوگا۔ اور ستمبر میں ختم ہوگا۔

۲۔ ویہیل ٹیکس کے متعلق ۱۱؍ ستمبر کو اجلاس ہذا سے روبکار جاری ہوا ہے کہ ایک ماہ کے اندر جملہ مالکان گاڑیاں اپنی اپنی گاڑیوں کا ٹیکس ادا کر کے نمبر اندازی کرالیں ورنہ بعد اس میعاد کے دو چند رقم فیس وصول کیجائیگی۔ اس مدت کے ختم ہونے میں تھوڑا وقت باقی رہا ہے۔ اس لئے صاحب ڈسٹرکٹ سکریٹری بہادر بذریعہ آواز ڈہول منادی کرادیں اور عام اطلاع دیدیں کہ جلد ٹیکس داخل کر کے نمبر اندازی کرالیجائے ورنہ بعد انقضائے مدت معینہ جبریہ نمبر اندازی کرا کے دو چند رقم ٹیکس وصول کرلیجائیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس بھی نمبر ۲ کی اشاعت کرادیں۔ حلقہ کا پولیس اپنے حلقہ کے مالکان گاڑی کو اطلاع دیدے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۳؍ اکتوبر ۱۹۲۷ء

کپتان مولوی عبد الحمید اے ڈی سی نے ہمارے قیام ڈیرہ دون کے زمانہ میں جملہ صیغہ پرنسز کا کام نہایت خوش اسلوبی سے بکمال دیانت داری انجام دیا۔ اسی زمانہ میں دفتر کا کام بھی انکے سپرد تھا۔ ہم وقتاً فوقتاً انکے کام کا ملاحظہ کرتے رہے۔ باورچیخانہ عمارات پرنسز پیلس۔ چمن۔ اصطبل۔ آفس ورکس۔ موٹر گراج۔ انتظام روانگی ڈورک ان سب خدمات کو باحسن الوجوہ انہوں نے سرانجام کو پہنچایا۔ ہم انکے کام سے خوش ہیں

حکم ہے کہ

سررشتہ صدر سے خوشنودی مزاج کا پروانہ انکو عطا کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۳؍ اکتوبر ۱۹۲۷ء

بنظر مناسب۔

حکم ہوا کہ

صاحبزادہ سید غوث محمد خان بہادر سپرنٹنڈنٹ چنگی و سید علی اطہر پرسنل اسسٹنٹ منسٹر سکریٹری کا اپنی اپنی تنخواہوں پر باہمی تبادلہ کیا جائے۔ یکم اکتوبر ۱۹۲۷ء سے علدرآمد ہو۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری کئے جائیں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۴؍ اکتوبر ۱۹۲۷ء

دیکھا گیا ہے کہ حادثات بندوق و دیگر ہتھیاران یا قتل بالارادہ یا بغیر ارادہ وغیرہ میں محل وقوع سے نعش کو ہٹا کر فوراً صفائی کردیجاتی ہے جس سے بعض اوقات ڈاکٹری معائنہ و بعدازاں قانونی کارروائی میں اگر ضرورت پڑے تو دشواریاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ اسلئے ضرورت ہے کہ آئندہ اس قسم کے واقعات میں جبتک ڈاکٹر موقع پر پہنچکر معائنہ نہ کرلے محل وقوع میں کوئی تبدیلی کسی قسم کی نہ کیجائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں۔ ایک ایک نقل روبکار جملہ سکریٹری صاحبان کے پاس بغرض اطلاع ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس بغرض تعمیل و منادی

بانگ دہلی بھیجی جائے۔ اور ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ اجلاس ہذا کے پاس اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ ایک نقل سردار صاحب ڈیوڑھی کے پاس بھی بھیجی جائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

قبل ازیں مفصل احکام نمبراندازی سائیکلوں کے متعلق جاری ہو چکے ہیں جنکو عرصہ ہوگیا۔ لیکن اب تک شہر کی کل سائیکلوں پر مالکان نے نمبراندازی نہیں کرائی باوجودیکہ چند مرتبہ اعلان و منادی ہو چکی ہے۔ لہذا شہر میں جو سائیکل بلا نمبر دیکھی جائے وہ پولیس یا میونسپلٹی صاحب ملٹری سکرٹری بہادر کے پاس لیجائیں۔ اگر وہ سائیکل نجی ہو تو صاحب ملٹری سکرٹری بہادر مناسب اور خفیف جرمانہ کرکے باخذ فیس مقررہ نمبراندازی کرادیں اور اگر وہ سائیکل سرکاری ہو تو اسکی رپورٹ مفصل پتہ سے اجلاس ہذا میں بھیجی جائے تاکہ صیغہ متعلقہ کو لکھدیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

اہلکاران اجلاس ہذا کے کام سے ہم خوش ہیں۔ کار متعلقہ بمحنت و دیانتداری انجام دیتے ہیں تنخواہیں کم ہیں لہذا بنظر پرورش اضافہ اہلکاران موجودہ اور بوجہ زیادتی کام جدید اہلکاران کا تقرر و تبادلہ بموجب نقشہ مشمولہ منظور کیا جاتا ہے۔

بجٹ اجلاس ہذا میں [illegible] ماہانہ تنخواہ اہلکاران کے لئے رقم رکھی گئی ہے۔ انتظام حال کے بعد [illegible] تنخواہ ماہانہ اہلکاران اجلاس ہوجائیگی۔ [illegible] ماہانہ کی بچت رہتی ہے۔

اجلاس ہذا میں جو اہلکاران دیگر صیغہ جات ماتحت کے تعینات ہیں انکا صرفہ صیغہ وار بدین صراحت ہے۔

صیغہ تعمیرات۔	[illegible]	ماہانہ
صیغہ انہار۔	[illegible]	ماہانہ
صیغہ آبکاری۔	[illegible]	ماہانہ
صیغہ میونسپلٹی۔	[illegible]	ماہانہ
صیغہ بجلی گھر۔	[illegible]	ماہانہ

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے بموجب نقشہ مشمولہ احکام اضافہ و تقرر و تبادلہ حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اسکا عملدرآمد یکم اکتوبر سے کیا جائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

گوشوارہ تنخواہ و اضافہ و تقرر جدید و تقرر الاونس اہلکاران متعینہ اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

نمبر شمار	نام صیغہ	تنخواہ موجودہ	اضافہ	تقرر جدید	الاونس	کل	کیفیت
۱	اجلاس ہذا	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۲	صیغہ تعمیرات	[illegible]	[illegible]	.		[illegible]	
۳	صیغہ نہر	[illegible]	[illegible]	.		[illegible]	
۴	صیغہ آبکاری	[illegible]	[illegible]	.		[illegible]	
۵	میونسپلٹی	[illegible]	[illegible]	.	.	[illegible]	
۶	بجلی گھر	[illegible]	[illegible]	.	.	[illegible]	
		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

نمبر شمار	نام اہلکار	تنخواہ موجودہ	اضافہ	الاونس	کل	کیفیت
۱	منشی ظہیر حسن ہیڈکلرک	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	بجٹ اجلاس ہذا سے تنخواہ ملتی ہے اسی بجٹ سے اضافہ ہوگا [illegible] الاونس صیغہ پولیس سے ملتا ہے۔ [illegible] کل [illegible] دستخط
۲	منشی مکھن لال اکاؤنٹنٹ	.		[illegible]	[illegible]	بجٹ اجلاس ہذا سے یہ الاونس ملیگا۔ اصل تنخواہ [illegible] صیغہ پولیس سے ملتی ہے۔ [illegible] الاونس صیغہ نہر سے ملتا ہے۔ کل [illegible]
۳	سید شوکت علی ہیڈکلرک	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	بجٹ اجلاس ہذا سے تنخواہ ملتی ہے اسی بجٹ سے اضافہ ہوگا [illegible] الاونس صیغہ پولیس سے ملتا ہے۔ کل [illegible] ہے۔ دستخط
۴	اظہار حسین محکمہ پولیس	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	صیغہ نہر سے تنخواہ ملتی ہے وہاں سے منتقل ہوکر بجٹ اجلاس ہذا میں قائم کیجائے [illegible] دستخط
۵	اسمٰعیل خان اہلمد انہار	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	صیغہ نہر سے تنخواہ ملتی ہے یہ اضافہ بھی وہیں پائیگا۔ اور تعیناتی اجلاس ہذا میں ہوگی اور بجائے انکے احمد رضا خان اہلمد سفینہ اجلاس جو صیغہ نہر سے ہی تنخواہ پاتا ہے صیغہ نہر تعینات ہوگا۔ [illegible] دستخط
۶	کنہیا لال اہلمد انہار	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	صیغہ نہر سے تنخواہ پاتا ہے وہیں سے اضافہ پائیگا اور اسکی تعیناتی اجلاس ہذا میں ہوگی صاحب سکرٹری بہادر ضعیف و حرفت اسکی جگہ دوسرا آدمی تنخواہ اظہار حسین محکمہ پولیس صیغہ نہر میں رکھ لیں۔ کیونکہ تنخواہ محکمہ پولیس بجٹ اجلاس میں منتقل کردیگئی [illegible] دستخط

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۴ / اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء

محکمہ جات متعلقہ سے دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ رخصت ملازمان کے متعلق کوئی قاعدہ یا حکم تحریری موجود نہیں ہے جس سے ٹھیک طور پر اندازہ کیا جا سکے۔ اس لئے ایک مستقل حکم کی ضرورت ہے جس پر عملدرآمد ہو سکے۔ لہذا برائے آئندہ یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ جملہ محکمہ جات متعلقہ میں ملازمان ریاست کو مندرجہ ذیل قاعدہ سے رخصت دیجائیگی۔

(۱) جو شخص ایکسال سے کم کا ملازم ریاست ہوگا اُسے صرف سات یوم کی اتفاقیہ رخصت ملسکیگی اور کسی قسم کی رخصت کا وہ حقدار نہ ہوگا۔

(۲) ایک سال ملازمت کے بعد ہر ملازم ریاست کو ایک سال میں ایک ماہ کی رخصت رعایتی باتنخواہ اور پندرہ یوم کی اتفاقیہ باتنخواہ کا حق حاصل ہوگا۔

(۳) سارٹیفکٹ ڈاکٹری داخل ہونے پر رخصت نصف تنخواہ پر ملسکیگی اگر رخصت رعایتی واجب نہ ہو لیکن اگر رخصت رعایتی واجب ہو تو جسقدر ہو اسقدر پوری تنخواہ پر باقی نصف تنخواہ پر ملیگی۔

(۴) اگر کوئی تعطیلیں ایام رخصت کے درمیان آجاتی ہیں تو وہ ایام رخصت میں شمار ہونگی اگر ایام رخصت یا تعطیلوں میں کوئی ملازم رامپور سے باہر جانا چاہے تو اپنے افسر صیغہ کو اطلاع کر کے جا سکتا ہے بشرطیکہ وہ اجازت افسر مذکور کے اختیار کے اندر ہو ورنہ اجلاس اعلےٰ کو اطلاع دیجائیگی۔

(۶) بلا تنخواہ رخصت کے لئے کوئی قید نہیں ہر افسر کے اختیارات کے اندر مدت رخصت اُسکی رائے پر منحصر ہے۔

(۷) مندرجہ بالا قواعد کے علاوہ اگر کوئی ملازم زیادہ رخصت لینا چاہے تو افسر صیغہ کے ذریعہ سے اجلاس اعلےٰ کی منظوری لینا لازم ہوگا۔

لہذا حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل جملہ صیغہ جات ماتحت میں بغرض کار روائی بھیجی جائے۔ ایک نقل صاحب فائنل سکریٹری بہادر کے پاس اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ ایک نقل سپرنٹنڈنٹ آفس ہذا کے پاس بھیجی جائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

رخصت

۴ / اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء

مرتبہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر فنانس در بارہ منظوری رخصت ایک ہفتہ [illegible] افسر خاص [illegible] علاوہ ایام تعطیلات

نمبر شمار	نام اہلکار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۷	نادر علی	.	.	[illegible]	[illegible]	جدید تقرر منظور کیا جاتا ہے۔ تنخواہ [illegible] اجلاس ہذا سے ملیگی۔ [illegible] دستخط نواب ولیعہد بہادر
۸	اشرف علی	.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	بجٹ صیغہ نہر سے بزمرہ [illegible] ماہانہ تنخواہ پاتا ہے [illegible] کیا جاتا ہے۔ دوسرا آدمی اسکی جگہ مقرر کیا جائے [illegible] وہ صیغہ نہر سے تنخواہ پائیگا۔ اشرف علی کو بجٹ اجلاس ہذا سے تنخواہ ملیگی [illegible] دستخط
۹	[illegible]	.	.	[illegible]	[illegible]	صیغہ نہر سے [illegible] تنخواہ پائیگا [illegible] دستخط
۱۰	ارشاد علی دفتری	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	بجٹ اجلاس ہذا سے تنخواہ ملتی ہے [illegible] سے اضافہ پائیگا [illegible] دستخط
۱۱	[illegible]	.	.	[illegible]	[illegible]	بجٹ اجلاس ہذا سے [illegible] الاؤنس ملیگا اصل تنخواہ [illegible] صیغہ [illegible] سے ملتی ہے [illegible] دستخط
۱۲	[illegible] سائیکل سوار	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	بجٹ اجلاس ہذا سے تنخواہ ملتی ہے [illegible] اضافہ پائیگا [illegible] دستخط
۱۳	محمد جعفر خان اسسٹنٹ [illegible]	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	صیغہ [illegible] سے تنخواہ ملتی ہے [illegible] اضافہ پائیگا [illegible] دستخط
۱۴	نذر حسین	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	〃 〃 〃 [illegible] دستخط
۱۵	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	〃 〃 〃 [illegible] دستخط
۱۶	وزیر احمد خان [illegible] سائیکل سوار	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	〃 〃 〃 [illegible] دستخط
۱۷	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	〃 〃 〃 [illegible] دستخط
۱۸	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	[illegible] سے تنخواہ ملتی ہے [illegible] اضافہ پائیگا [illegible] دستخط
۱۹	عبدالرشید سائیکل سوار	[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	صیغہ [illegible] سے تنخواہ ملتی ہے [illegible] اضافہ پائیگا [illegible] دستخط
۲۰	واجد الدین [illegible]	.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	صیغہ [illegible] سے تنخواہ پاتا ہے [illegible] اضافہ پائیگا [illegible] دستخط
۲۱	شکور خان [illegible]	.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	〃 〃 〃 [illegible] دستخط
۲۲	[illegible]	.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	صیغہ [illegible] سے تنخواہ پاتا ہے [illegible] دستخط
۲۳	[illegible]	.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	〃 〃 〃 [illegible] دستخط
۲۴	[illegible] سائیکل سوار	.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	〃 〃 〃 [illegible] دستخط
۲۵	[illegible]	.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	〃 〃 〃 [illegible] دستخط
۲۶	[illegible]	.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	〃 〃 〃 [illegible] دستخط

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

۴ر لغایتہ ۸ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء بذمہ داری بابو رتن لال سب ڈویژنل افسر خاص باغ ۔

حکم ہوا کہ

بموجب رپورٹ ۔ پربھو لال سب ڈویژنل افسر خاص باغ کی رخصت ایک ہفتہ بصراحت انتظام مندرجہ رپورٹ منظور ہی ۔ اور ایام تعطیلات کی بھی اجازت دیجاتی ہی سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون ۔ بلالحاظ تعطیل کے ۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

رخصت

۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دربارہ منظوری رخصت یکہفتہ بشمول تعطیلات بابو لال گپتا انجنیر خاص باغ از ۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء لغایتہ ۸ر ماہ مذکور بکارکردگی ایکزکٹیو انجنیر صاحب تعمیرات ۔

حکم

بموجب رپورٹ رخصت ایک ہفتہ بشمول ایام تعطیلات ایکزکٹیو انجنیر خاص باغ کی بصراحت انتظام مندرجہ رپورٹ منظور کیجاتی ہی ۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون ۔ بلالحاظ تعطیل کے ۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

رخصت

۵ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دربارہ منظوری رخصت چار یوم از ۹ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء انجنیر صاحب برقی روشنی بوجہ انتقال کسی عزیز رشتہ دار کے بکارکردگی مسٹر صدیق علی اسسٹنٹ ۔

حکم

بموجب رپورٹ چار روز کی رخصت انجنیر برقی کی منظور ہی ۔ صدر سے بلالحاظ تعطیل احکام جاری ہون ۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

تقرر

۸ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ عرضی اسرار حسین امیدوار بدرخواست پرورش ۔

حکم

عرضی گزار اسرار حسین کا تقرر بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار اسامی کنہیا لال اہلمد انہار صیغہ نہر مین منظور ہے ۔ کنہیا لال اہلمد صیغہ نہر سے بموجب روبکار ۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء اجلاس ہذا مین منتقل ہو چکا ہے ۔ اور اسرار حسین مذکور کی تنخواہ بھی صیغہ نہر سے بجٹ اجلاس ہذا مین ...ش ہو چکی ہی واسطے صیغہ نہر مین ایک اسامی اہلمد کی خالی ہی اور تنخواہ کی گنجایش ہی سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون ۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۸ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء

بنظر مناسب و مصالح انتظامی

حکم ہوا کہ

اشفاق الہی خان سب انسپکٹر تھانہ ملک سے عظیم نگر ۔ اور علی جواد سب انسپکٹر تھانہ عظیم نگر سے بلاسپور ۔ اور شمس الدین خان سب انسپکٹر تھانہ بلاسپور سے سوار ۔ اور محی الدین خان سب انسپکٹر تھانہ سوار سے تھانہ ملک کو تبدیل کئے جائین ۔ سررشتہ صدر سے بلالحاظ تعطیل احکام ضابطہ جاری ہون ۔ ایک نقل درج گزٹ ہو ۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۹ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء

آج ہم قریب ساڑھے نو بجے بجلی گھر گئے تھے ۔ دفتر اسوقت تک کھلا نہ تھا ۔ الکٹرک انجنیر اور اسسٹنٹ انجنیر نیز دیگر دو چار ملازمان موجود تھے بعض صرف ٹوپی پہنے ہوئے ننگے تھے انجن وغیرہ کے بٹن کھلے تھے ۔ ایسی سراسیمہ حالت سے کسی صیغہ سرکاری مین ملازمان کا ہونا نہایت نازیبا اور قابل مواخذہ ہی ۔

ہم نے انجنیر اور اسسٹنٹ انجنیر سے حسابات بجلی گھر کے متعلق دریافت کیا لیکن افسوس ہے کہ کوئی جواب نہ دیسکے معلوم ہوا کہ ایسی صورت سے ملازمین کا وقت جواب دے سکیگا ۔

صیغہ بجلی گھر گزشتہ آمدنی و خرچ کا صیغہ ہے ۔ جسمین ذمہ دار افسران کا حسابی حالت سے لاعلم ہونا عظیم نقصان سرکاری کا اندیشہ پیدا کرتا ہے ۔ جیسا کہ اس سے پیشتر ایک مرتبہ ظہور مین آچکا ہے اس پر بھی یہ لوگ متنبہ نہین ہوتے بلکہ اور غفلت بڑہ کے تدارک کی ہمیشہ کوشش کیجاتی ہے اور اکثر روشنی آتی رہتی ہین ۔ ایسی صورت مین عملہ رکھنے سے کیا فائدہ جبکہ حسابات ایسی خراب حالت مین ہون کہ ذمہ دار افسر نہ بتا سکین ۔ صیغہ بجلی گھر کا نظم و نسق ہر اعتبار سے خراب ہے ۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے روبکار ہذا کی نقل صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس بھیجکر کہا جائے کہ ان بے عنوانیون کے متعلق بجلی گھر کا جواب لیا جائے ۔ آیندہ کیلئے ایک ماہ کی مدت دیجاتی ہے اس عرصہ مین دفتر کی بدنظمی کی اصلاح ہونا چاہیے ۔ ورنہ آیندہ ایسی صورت پیش آنے پر تدارک کیا جائیگا اور معطل کر دیا جائیگا ۔ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت بھی ... جو کرین مناسب ہوگا ۔ ایک نقل درج گزٹ ہو ۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء

صاحب سپرنٹنڈنٹ [illegible] ہاسپٹل کو پچاس روپیہ ماہوار الاؤنس بحالت قیام [illegible] میں الاؤنس تا واپسی [illegible] دیا جاوے [illegible] ۳۰ ستمبر ۱۹۲۶ء [illegible] ہوئی بحکم ۲ اکتوبر ۱۹۲۶ء الاؤنس مسدود شدہ جاری ہو اور چونکہ صاحب سپرنٹنڈنٹ [illegible] ہاسپٹل کی رخصت [illegible] ۱۱ اکتوبر ۱۹۲۶ء منظور ہوئی ہے۔ لہذا ایام رخصت میں الاؤنس پچاس روپیہ بدستور مسدود رہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور ایک نقل روبکار ہذا بغرض اندراج گزٹ بلیع کو مرسل ہو

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء

صاحب سپرنٹنڈنٹ و مجسٹریٹ آبکاری قبل ازیں چوبیس گھنٹہ کے لئے معطل کئے گئے تھے اور حکم دیا گیا تھا کہ ایک سال تک اضافہ نہ دیا جائے۔ معافی نامہ پیش ہونے پر انکا قصور معاف کر دیا گیا تھا۔ اب انکی مستدعا ہے کہ معطلی مذکورہ اور حکم ممانعت اضافہ سے معافی فرمائی جائے۔ لہذا حسب سفارش صاحب سکرٹری بہادر صنعت و حرفت معطلی چوبیس گھنٹہ و حکم ممانعت اضافہ ایکسال سے معافی دیجاتی ہے۔ آئندہ کے لئے سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
رخصت
۱۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء

بغور رپورٹ صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات دربارہ منظوری رخصت چھ ماہ مزید بابو برشاد منشی مرہم جان بوجہ علالت لاحقہ جذام بوضع تنخواہ بسلسلہ انتظام سابقہ بعوض منشی رام [illegible] سابق کلرک بجلی گھر تخفیف شدہ بمشاہرہ فی ۵ منشی مرہم جان رخصتی جو بجائے رخصتی کام کر رہا ہے زمانہ رخصت چھ ماہ [illegible]

حکم

بموجب رپورٹ بابو برشاد منشی مرہم جان کی رخصت چھماہ بوضع تنخواہ بسلسلہ انتظام رخصت

سابقہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
واقع ۹ اکتوبر ۱۹۲۶ء

سید مشرف علی ڈرل ماسٹر ملازم ہائی اسکول چونکہ بعد ختم رخصت اپنی خدمت سے غیر حاضر رہا لہذا حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول ۰۰ ستمبر ۱۹۲۶ء نامبردہ برخاست کیا گیا ہے

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ بلیع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

توسیع
۹ اکتوبر ۱۹۲۶ء

احمد شاہ خان مدرس اول مدرسہ پل پختہ کی ملازمت غیر مستقل میں آخر مارچ ۱۹۲۷ء تک توسیع کی گئی

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ بلیع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

تقرر
۱۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسمی کرم شاہ خان مدرس مڈل سکول بوجہ غیر حاضری ۱۰ ستمبر ۱۹۲۶ء سے برخاست کیا گیا۔ اور بجائے نامبردہ مسمی رام [illegible] مڈل اینٹرنس پاس ۲۹ ستمبر ۱۹۲۶ء سے پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ پر مقرر کیا گیا۔ تقرر منظور حسین خان کی عارضی جگہ پر ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ بلیع کو مرسل ہو

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

تبادل
۱۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسمی عزیز الحسن خان مدرس مدرسہ احمد نگر کا تبادلہ پنجاب نگر [illegible] تحصیل [illegible] کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ بلیع کو مرسل ہو

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست [illegible] میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۴ اکتوبر لغایت ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۴ اکتوبر ۱۹۲۶ء یوم سہ شنبہ	۰	۴۱۷½	۰	۳۶۶	۰	۴۷۷	نقشہ نہیں آیا	۴۴۱ [illegible]	۰	۴۲۰	۰	۳۸۵
۵ اکتوبر ۱۹۲۶ء یوم چہار شنبہ	۰	۴۱۷½	۰	۳۶۶	۰	۴۷۷	〃	۰	۰	۴۴۰	۰	۳۸۵
۶ اکتوبر ۱۹۲۶ء یوم پنجشنبہ	۱۸½	۴۳۶	۵۴	۴۲۱	۲۹	۵۰۶	〃	۰	۳۵	۴۸۵	۴۰	۴۲۵
۷ اکتوبر ۱۹۲۶ء یوم جمعہ	۶۵	۵۰۱	۸۲	۵۰۳	۹۳	۵۹۹	〃	〃	۳۶	۵۱۱	۷۵	۵۰۰
۸ اکتوبر ۱۹۲۶ء یوم شنبہ	۹	۵۱۰	۲۵	۵۲۸	۲۲	۶۲۱	〃	〃	۴	۵۱۵	۵	۵۰۵
۹ اکتوبر ۱۹۲۶ء یوم یکشنبہ	۰	۵۱۰	۰	۵۲۸	۰	۶۲۱	〃	۰	۰	۵۱۵	۰	۵۰۵
۱۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء یوم دوشنبہ	۰	۵۱۰	۰	۵۲۸	۰	۶۲۱	〃	۰	۰	۵۱۵	نقشہ نہیں آیا	۰

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ماہ اکتوبر ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	۷ ۰ ۸ر	۲۸ ۸ر	۸ ۰ ۸ر	۷ ۸ر	۷ ۰ ۸ر	
نخود خالص	۸ ۸ر	۰ ۸ر	۱۰ ۸ر	۸ ۰ ۸ر	۹ ۸ر	۹ ۸ر	
نخود کسر آمیز	۷ ۰ ۸ر	۰	۱۱ ۸ر	۹ ۸ر	۹ ۰ ۸ر	۹ ۰ ۸ر	
گڑ	۵ ۸ر	۰	۱۱ ۰ ۸ر	۹ ۰ ۸ر	۱۰ ۸ر	۱۰ ۸ر	
ماش	۶ ۸ر	۶ ۰ ۸ر	۰	۴ ۸ر	۶ ۸ر	۵ ۰ ۸ر	
مونگ	۴ ۰ ۸ر	۰	۰	۰	۰	۵ ۸ر	
مکا	۱۱ ۸ر	۱۰ ۰ ۸ر	۱۳	۱۲ ۰ ۸ر	۱۴ ۰ ۸ر	۱۱ ۸ر	
جئی	۱۳ ۸ر	۰	۰	۱۲ ۸ر	۰	۱۱ ۸ر	
گوجئی	۱۲ ۸ر	۰	۰	۰	۰	۹ ۸ر	
عدس	۴ ۸ر	۰	۰	۵ ۸ر	۰	۶ ۸ر	
ارہر	۶ ۸ر	۰	۰	۰	۰	۶ ۸ر	
برنج	۵ ۸ر [illegible]	[illegible]	۵ ۸ر	۵ ۰ ۸ر	۵ ۰ ۸ر	۵ ۸ر	
روغن زرد	[illegible] چھٹانک	۰ ۸ر	۰ ۸ر	۰ ۸ر	۰ ۸ر	[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱ ۰ ۸ر	۱ ۰ ۸ر	
روغن کنجد	۱ ۸ر	۱ ۸ر	۱ ۸ر	۱ ۸ر	۱ ۸ر	۱ ۸ر	
نمک سانبھر	۱۲ ۸ر	۱۲ ۸ر	۱۲ ۸ر	۱۱ ۸ر	۱۲ ۸ر	۱۲ ۸ر	
نمک لاہوری	۶ ۸ر	۸ ۸ر	۹ ۸ر	۰	۰	۸ ۸ر	
قند سیاہ	[illegible]	[illegible]	۶ ۸ر	۶ ۸ر	۸ ۸ر	۸ ۸ر	
باجرہ	۶ ۸ر	۰	۰	۰	۰	۸ ۸ر	